# آپ کی معلومات: کنشپ/ فوسٹر کیررس اور ایڈوپٹرس

**ہمیں آپ کی معلومات کی ضرورت کیوں ہوتی ہے اور ہم اس کو کہاں استعمال کریں گے**

یہ نوٹس کنشپ کیرر، فوسٹر کیرر اور ان لوگوں کے لئے ہے جو بچوں کو گود لینا چاہتے ہیں یا جنہوں نے گود لے چکے ہیں. ابرڈین سٹی کونسل آپ کی ذاتی معلومات کو جمع کرتی ہے اور اپنے بچوں کی سماجی خدمات میں استعمال کرتی ہے تاکہ آپ کو اچھا مشورہ، صحیح رہنمائی اور معاونت فراہم کر سکیں جس سے لوگ ان کو گود لینے والا یا دیکھ بھال کرنے والا بن سکیں اور آپ کی مناسبی کا اندازہ لگایا جا سکے. ہم اسکا استعمال آپکی ضرورت، مدد، منصوبہ اور اسکے حصول کا جائزہ لینے کیلئے کریں گے اسی طرح آپکے دیکھ بھال کرنے والے بچے کو آپ کے ذریعہ فراہم کردہ مدد کی نگرانی کے لئے بھی کریں گے.

ہمیں آپ کے اہل خانہ، ڈاکٹر، یا کسی دوسرے متعلقہ شخص سے معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی، اور ہمیں اس جائزہ کے لئے آپکی مالی معلومات کی بھی ضرورت ہوسکتی ہے. جائزہ کے عمل کے طور پر، آپ کی معلومات کو ایڈاپشن اور فوسٹر پینل اور عدالت کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا. آپ کی معلومات دیگر ایجنسیوں کے ساتھ بھی شیئرکی جا سکتی ہے جو بچوں کو گود لینے یا دیکھ بھال کے فیلڈ میں کام کر رہی ہیں.

ہم اس مدد ومعاونت کی منصوبہ بندی اور لوگوں تک خدمت پہوچانے کے لئے دیگر اداروں کے ساتھ کام کرتے ہیں. ہم آپ کی معلومات کا استعمال ضرورت کے مطابق آپ کی شناخت کی جانچ پڑتال کے بھی کرتے ہیں، آپ سے پوسٹ، ای میل یا ٹیلی فون سے رابطہ کرتے ہیں، اپنے ریکارڈ کو مینٹین کرتے ہیں، خدمات کی کسی بھی فنڈ اور ان میں آپ سلسلے میں فراہم کردہ معاونت کو منظم کرتے ہیں. تاکہ ہم اپنے آڈیٹر اور بیرونی ریگولیٹروں کو دکھا سکیں کہ ہم مناسب طریقے سے قانون کے مطابق خدمات فراہم کر رہے ہیں. کونسل برائے سماجی کیئر کیس ریکارڈنگ پالیسی کے تحت تمام چیزوں کو ریکارڈ کیا جائے گا.

# آپ کی معلومات کا اشتراک کیسے کیا جائے گا

سماجی دیکھ بھال اور بچوں کے تحفظ کیلئے اکثر کئی ایجنسیوں کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے. وہ اہم ایجنسیاں جن کے ساتھ ہمارا اشتراک ہے وہ شعبہ تعلیم، صحت اور پولیس ہے. مثال کے طور پر، اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ھیکہ ہمیں معلومات نرسری، اسکول، یا فیملی ڈاکٹر کے ساتھ شیئر کرنا ضروری ہوسکتا ہے. یہ صرف متعلقہ مخصوص معلومات تک ہی محدود ہوتی ہے کیونکہ آپ کی معلومات کا یہ اشتراک ہماری قانونی ذمہ داریوں کو قانون سازی کے تحت پورا کرنے کے لئے کیا جاتا ہے جو وہاں بچوں اور نوجوانوں کی حفاظت کیلئے ہے. اکثر متعلقہ ایجنسیوں کے ساتھ معلومات کے اشتراک کا کوئی چوائس نہیں رہتا ہے بشرطیکہ کوئی بہت ہی ٹھوس عذر ہو. ہم آپ کو تفصیلی طور پر وضاحت کریں گے کہ ہم آپکی معلومات کا اشتراک کس کے ساتھ اور کیوں کرتے ہیں. جہاں اشتراک کرنے کی چوائس ہوں گی تو ہم آپکو واضح طور پر اس کو بیان کریں گے اور اسکا انحصار (آپ کی عمر، آپکے والدین یا کیرر پر ہوگا)، اور باخبر چوائس کیلئے آپ کی مدد کریں گے.

اس کے علاوہ ہم آپ کے انفرادی حالات کے لحاظ سے کسی دوسرے ایجنسی کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں. ان میں آپ کو رہائش فراہم کنندہ بھی شامل ہوسکتا ہے خاص طور پر جب آپکو درکار مدد ہاؤسنگ یا دیگر رہائشی امور سے متعلق ہوں، فائدے کے طور پر، آپ کو پنشن اور عمل کے شعبہ میں، اسکاٹ لینڈ پولیس اور اسکاٹ لینڈ فائربریگیڈ اور ریسکیو سروس مل سکتی ہیں. ہم معلومات آپ کو یا آپ جس بچے کی دیکھ بھال کرتے ہیں- کے ساتھ یا کسی بھی مدد یا امداد فراہم کننده کے ساتھ اشتراک کرسکتے ہیں. اسی طرح ہم دیکھ بھال کرنے والے انسپکٹر کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں اور یہ اس صورت میں جب کہ آپ کو فراہم کردہ مدد کچھ خاص خدمات سے متعلق اٹھایا گیا معاملہ اس سے تعلق رکھتا ہو. ہم معلومات کو کونسل یا دوسرے مقامی اتھارٹی - جنکے ساتھ ہم کام کرتے ہیں- شیئر کر سکتے ہیں تاکہ آپ کو مدد اور خدمات فراہم کر سکیں.

جب آپ کا معاملہ دوسری مقامی اتھارٹی کو منتقل ہوتا ہے تو بھی ہم آپ کے معلومات کا اشتراک انکے ساتھ کر سکتے ہیں.

ہمیں سکاٹش بچوں کے رپورٹرز ایڈمنسٹریشن، اسکاٹش کورٹ اور بچوں کے پینلز کے ساتھ بھی آپ کی معلومات کا اشتراک کرنا ہوگا اور ضرورت پڑنے پر دیگر مقامی حکام کے ساتھ بھی. ہم قانونی طور پر بعض اعداد و شمار کو ریگولیٹری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شریک کرنے کے پابند ہیں، جہاں کہ یہ ضروری اور مناسب ہوتا ہے.

مثال کے طور پر، اس میں افشاء کرنے والے اسکاٹ لینڈ، اسکاٹ لینڈ پولیس کے ساتھ اشتراک کردہ ڈیٹا شامل ہوسکتا ہے جو کسی جرم کی تحقیقات میں استعمال ہو، یا کیرر انسپکٹر جو ہمارے کام کو عمل انجام دینے اور ہماری خدمات کو بہتر بنانے میں مدد دینے کے حامل ہیں.

سروس صارفین کے لئے خدمات اور نتائج کو بہتر بنانے کے لئے ہماری معلومات کا داخلی طور پر بھی تجزیہ کیا جاتا ہے. ہم ان کے شراکت داروں کے ساتھ مخصوص، ھدف بخش منصوبوں اور ابتدائی سرگرمیوں پر بھی کام کرتے ہیں جو ہم انکو فراہم کرتے ہیں تاکہ سماجی خدمات کو بہتر اور صارفین کے نتائج کو عمدہ کیا جا سکے. یہ عام طور پر، ذاتی ڈیٹا کا تجزیہ کرنے والے پروجیکٹ پارٹنرز کو شامل ہوتا ہے جو ہماری نیابت کرتے ہوئے عمل انجام دیتے ہیں. ہم والدین کے کنٹرول کے طریقہ کار استعمال کرتے ہیں اور ذاتی ڈیٹا کو انکے ساتھ ہوئے معاہدوں اور ترتیبات کے ساتھ منظم کرتے ہیں.

اس کے علاوہ، کبھی کبھار ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کو مدد کرنے کے دوران آپ اور آپ کے سماجی کارکن یہ فیصلہ لیں کہ مزید مدد یا معاونت کیلئے دوسری ایجنسیوں یا تنظیموں تک رسائی حاصل کرنے کے لئے آپ کا حوالہ دینے یا آپ کو مدد فراہم کرنے میں فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے. آپ کی جانب سے یہ کرنے کے لئے عام طور پر سماجی کارکن آپ کی خدمت یا تنظیم کے ساتھ آپ کے بارے میں کچھ معلومات کا اشتراک کرتے ہیں. اگر معاملہ اسی نوعیت کا ہے تو اس قسم کے معلومات کا اشتراک آپ کے (یا آپ کے والدین یا دیکھ بھال کرنے والے) اور آپ کے سماجی کارکن کے ساتھ کیا جائیگا. معاملے کی نوعیت کی بنیاد پر معاہدہ کے حساب سے معلومات کو شیئر کیا جائیگا.

آپ کا کیس کسی اور مقامی اتھارٹی علاقے میں منتقل ہو جانے پر، ہم آپ کے بارے میں متعلقہ معلومات کا اشتراک کریں گے تاکہ وہ آپ کی مدد کیلئے اپنی قانونی ذمہ داریوں کو پورا کرسکیں.

تمام معلومات کا اشتراک ہماری کارپوریٹ پالیسی، طریقہ کار اور پریکٹیشنر ہدایات کے مطابق کیا جائے گا.

## اس عمل کے انجام دہی میں ہمیں کتنا وقت لگے گا؟

کونسل میں ریکارڈ کو محفوظ کرنے یا ضائع کرنے کا ایک شیڈول ہے جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ہم مختلف اقسام کے بارے میں معلومات کتنی عرصہ تک رکھتے ہیں، یہ ذیل میں تفصیلی طور پردرج ہے:

براہ کرم اس بات سے آگاہ رہیں کہ ہمارے پاس ان بچوں سے متعلق جو معلومات ہیں جو رہائشی دیکھ بھال میں ہیں یا جو دوسری صورت یعنی آبرڈین سٹی کونسل (یا ہمارے کسی ادارے کے تحت) ۱۹۳۰ سے لیکر ابھی تک نگرانی میں ہیں ہم فی الحال کسی موجودہ ریکارڈ کو ضائع نہیں کرتے ہیں کیونکہ اسکاٹ لینڈ کی ان بچوں کے ساتھ بدسلوکی کو جانچ کرنے والے ادارہ جو کہ دیکھ بھال میں رہتے ہیں، کو ان معلومات کی ضرورت ہوسکتی ہے. یہ انکوائری کی مدت کے لئے اور اسکاٹش چائلڈ ابیوز انکوائری کمیٹی کی جانب سے مزید نوٹیفیکیشن تک رہے گی-

| فوسٹر / کنسر شپ کیرر اور ایڈوپٹر کے لئے معلومات کا تحفظ | |
|---|---|
| **عمل** | **مدت تحفظ** |
| ابتدائی انکوائری، انٹرویو اور پس منظر کے پیش نظر تشویش یا غیر تشویش کے ساتھ، بشمول درخواست دہندگان کے عمل سے نکلنے کے | معاملہ کی تاریخ سے 10 سال |
| ابتدائی انٹرویو کے علاوہ تمام دیکھ بھال اور گود لینے والے ریکارڈ | 25 سال آپ کے دیکھ بھال / گود لینے والے بنے ہوئے |
| بچے کو انکے حوالے کئے ہوئے وقت سے تمام دیکھ بھال / گود لینے والوں کے ریکارڈ | ۱۰۰ سال تک آپ کے دیکھ بھال کرنے والے کی منتقلی یا گود لینے کے اجازت نامہ کی مدت سے |

## آپ کے حقوق

آپ کو اپنی معلومات رکھنے کا حق ہے، بشمول اس کا ایک کاپی طلب کرنے کے. آپ کے تمام حقوق پر مزید معلومات، اور انکے کام کے طریقہ کار کی جانکاری کونسل کی ویب سائٹ www.aberdeencity.gov.uk/your-data پر دستیاب ہے.

اگر آپ اپنے سماجی خدمات کی ریکارڈ تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ اپنے موجودہ سماجی کارکن سے طلب کر سکتے ہیں، یا آپ یہاں درخواست ڈال سکتے ہیں.

اگر آپ کو فی الحال ابرڈین سٹی کونسل کے سماجی کام میں مدد نہیں مل پا رہی ہے، لیکن ماضی میں آپ کو مل چکی ہے، ہم آپکو اپنے سماجی کام کے ریکارڈ تک رسائی حاصل کرنے پر آپ کی چاہنے پر دے سکتے ہیں.

آپ کو انفارمیشن کمشنر آفس، (www.ico.org.uk 01625 545 745) میں شکایت کرنے کا حق بھی ہے. یہ ایسے ادارے ہیں جو کونسل جیسے اداروں میں اس بات کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہیں کہ وہ قانونی طور پر آپ کے ڈیٹا کو سنبھالتے ہیں.

اگر آپ کو اپنی ذاتی معلومات کے بارے میں پتہ کرنا ہے کہ اس کو کیسے سنبھالا گیا ہے تو آپ کونسل کے ڈیٹا اینڈ آفیسر سے اس پتہ پر پوسٹ کرکے حاصل کر سکتے ہیں پتہ یہ ہے: ڈیٹا تحفظ آفیسر، ابرڈین سٹی کونسل، گورننس، لیول 1 جنوبی، مارشل کالج، براڈ اسٹریٹ، ابرڈین، AB10 1AB، یا ای میل کے ذریعے بھی: DataProtectionOfficer@aberdeencity.gov.uk

اگر آپ کی شکایت کا تعلق کسی ڈیٹا تحفظ سے نہیں ہے تو آپ ہماری ویب سائٹ پر https://www.aberdeencity.gov.uk/search/content?keys=complaints سوشل ورک سروسز کے بارے میں شکایت کیسے کریں- کی تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں.

## ہمارا قانونی ڈھانچہ

جہاں کہیں بھی ایبرڈین سٹی کونسل ذاتی ڈیٹا پر عمل میں لاتی ہے تو ہمیں اس بات کو یقینی بنانا ہوتا ہے کہ ہمارے پاس ڈیٹا کے تحفظ کے قانون میں ایسا کرنے کا قانونی بنیاد ہوتا ہے. ابرڈن سٹی کونسل آپ کے ذاتی ڈیٹا کو قانون برائے جنرل ڈیٹا آرٹیکل 6(1)(e) کے طور پر اپنے ذاتی ڈیٹا کو پروسیسنگ کے لئے قانونی بنیاد کو دھیان میں رکھتا ہے کیونکہ بچوں کی سماجی خدمات کی فراہمی ہماری عوامی عمل کا حصہ ہے. بعض اوقات ہم آپ کے ڈیٹا کو عمل میں لاتے ہیں کیونکہ ان صورتوں میں پروسیسنگ کے لئے ہمارے قانونی بنیاد آرٹیکل 6 (1) (c) کے حساب سے کرنا ہی ہوتا ہے. ایسا اس وجہ سے کہ ہم مندرجہ ذیل قوانین کے تحت کئی طرح کے فرائض کے ساتھ ساتھ پاور بھی حاصل ہوتا ہے:

- سماجی خدمات (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 1968
- کیرر (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 2016

- قابل خطر گروپوں کی حفاظت (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 2007
- بچے (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 1995
- سماجی دیکھ بھال (خود مختص کردہ معاونت) (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 2013
- معذور بالغان ایکٹ 2000
- بچے اور جوان (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 2014
- زیر نگرانی اطفال (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 2009
- فوسٹر چلڈرن (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 1984
- گود لینا اور بچے (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 2007
- اسکاٹ لینڈ میں بالغوں اور بچوں کی دیکھ بھال اور فلاح و بہبود سے متعلق قانون سازی

ان خدمات کو پہنچانے میں، ابرڈین سٹی کونسل ذاتی ڈیٹا کے خصوصی اقسام پر عملدرآمد کرنے کا امکان بھی رکھتا ہے. جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن کے آرٹیکل 9(2)(h) کے تحت ایسا کرنے کے لئے ہمارے پاس قانونی بنیاد ہے کیونکہ صحت یا سماجی دیکھ بھال یا علاج یا صحت یا سماجی دیکھ بھال کے نظام اور خدمات کے انتظام کے لئے ضروری عمل درآمد کرنا ضروری ہے.

یہ کبھی کبھی آپ کے بارے میں معلومات ان لوگوں کو فراہم کرنے جو آپ یا آپکے بچوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے دیکھ بھال کا ذمہ اٹھاتے ہیں. ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ وہ آپ کے ڈیٹا کو مناسب طریقے سے ہمارے معاہدے کے تحت عمل کی انجام دہی کریں.